81

| ROLL NUMBER | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

| Version No. | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 3 | 0 | 3 | 9 | 1 |

# اردو اختیاری ایچ ایس ایس سی -I

حصہ اوّل (کُل نمبر 20)

وقت: 25 منٹ

**Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.**

*Do not use lead pencil.*

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**Answer Sheet No.** ____________

**Invigilator Sign.** ____________

**Candidate Sign.** ____________

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پر کریں۔

**Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:**

| | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| .1 | رباعی کتنے مصرعوں پر مشتمل ہوتی ہے؟ | دو | تین | چار | پانچ | | | | |
| .2 | درج شدہ میں سے کون سا شعری مجموعہ احسان دانش کا ہے؟ | نوائے کار | نقش فریادی | دست تہہ سنگ | نایافت | | | | |
| .3 | شاملِ نصاب نظم "اقبال" کے شاعر کا نام کیا ہے؟ | خوشی محمد ناظر | میر انیس | مجید امجد | فیض احمد فیض | | | | |
| .4 | نظم "زندگی سے ڈرتے رہو" کس شاعر کی نمائندہ نظم ہے؟ | ظفر علی خان | ن۔م۔ راشد | نظیر اکبر آبادی | الطاف حسین حالی | | | | |
| .5 | جب کوئی لفظ اپنے اصل معنی کی بجائے مجازی معنوں میں اس طرح استعمال ہو کہ اس کے اصل اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق ہو تو اسے قواعد کی رو سے کیا کہیں گے؟ | کنایہ | محاورہ | استعارہ | مجاز مرسل | | | | |
| .6 | اکبر شیر کی طرح بہادر ہے۔ قواعد کی رو سے یہ جملہ کس کی مثال ہے؟ | تشبیہ | استعارہ | فعل تام | حُسنِ تعلیل | | | | |
| .7 | نظم یا نثر میں کسی تاریخی واقعے کی طرف اشارہ کیا کہلاتا ہے؟ | صنعت تکرار | صنعت تلمیح | صنعت تضاد | صنعت مبالغہ | | | | |
| .8 | ایسی نظم جس کے ہر بند میں پانچ مصرعے ہوں، کیا کہلاتی ہے؟ | قطعہ بند | نثری نظم | مسدس | مخمس | | | | |
| .9 | صنفِ شاعری "مرثیہ" کا پہلا حصہ یا رکن کون سا ہوتا ہے؟ | چہرہ | سراپا | رجز | آمد | | | | |
| .10 | نعت گوئی کا آغاز سب سے پہلے کس زبان میں ہوا؟ | فارسی | عربی | عبرانی | ہندی | | | | |
| .11 | ہر شعر کے آخر میں آنے والے ہم آواز الفاظ کو اصطلاحاً کیا کہتے ہیں؟ | محاورہ | استعارہ | قافیہ | ردیف | | | | |
| .12 | ترقی پسند تحریک کا آغاز کب ہوا؟ | ۱۹۳۵ء | ۱۹۳۶ء | ۱۹۳۷ء | ۱۹۳۸ء | | | | |
| .13 | "مبل" کس کی طنزیہ مزاحیہ تحریروں کا ایک اہم کردار ہے؟ | شوکت تھانوی | ابن انشا | پطرس بخاری | مشتاق احمد یوسفی | | | | |
| .14 | مزاح نگاری میں طنز و مزاح پیدا کرنے کے لیے عموماً کتنے طریقے مستعمل ہیں؟ | دو | تین | چار | پانچ | | | | |
| .15 | کس دور میں مسلمانوں کے لیے جداگانہ تعلیم کا قانون پاس کیا گیا؟ | سلطنت مغلیہ | سلطنت عثمانیہ | سلطنت عباسیہ | سلطنت امیہ | | | | |
| .16 | سر سید احمد خان نے اُردو میں کس صنفِ ادب کا آغاز کیا؟ | افسانہ | ڈراما | مضمون | سفر نامہ | | | | |
| .17 | "مٹی کا دیا" کس ادیب کی آپ بیتی ہے؟ | الطاف حسین حالی | شبلی نعمانی | امتیاز علی تاج | میرزا ادیب | | | | |
| .18 | اردو کا پہلا ڈراما کسے قرار دیا جاتا ہے؟ | اندر سبھا | آرام و سکون | انار کلی | رستم و سہراب | | | | |
| .19 | "زیور کا ڈبا" کا اہم ترین کردار کون سا ہے؟ | چمپا | ویر اندر | پرکاش | ٹھاکر | | | | |
| .20 | اردو ادب میں ناول کی صنف کس زبان کے توسط سے آئی؟ | انگریزی | یونانی | لاطینی | فرانسیسی | | | | |

——1HA-I 24039-30391 ——



Result.pk

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی - I

وقت: 2:35 گھنٹے

کُل نمبر حصہ دوم اور سوم: 80

**نوٹ:** حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 50)

**سوال نمبر ۲:** پریم چند کے افسانے "زیور کا ڈبہ" کے حوالے سے "پرکاش" کے کردار پر روشنی ڈالیں۔ **(12)**

(یا)

پریم چند کے افسانوں کی خصوصیات بیان کریں۔

**سوال نمبر ۳:** **درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔** **(3x5=15)**

(i) "خدا کی بستی" میں ماں باپ کا جو کردار نظر آتا ہے، اپنے الفاظ میں لکھیں۔

(ii) دوسری قوموں کی رسومات اختیار کر کے ہم کس طرح فائدہ اٹھا سکتے ہیں؟

(iii) نظم "برسات کی بہاریں" میں شاعر نے جو منظر کشی کی ہے اسے اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

(iv) شاعر نے جوگی کو شہر میں آکر بسنے کے لیے کیا دلائل دیے ہیں؟

**سوال نمبر ۴:** **سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے:** **(1+1+5=7)**

الف۔ "نشہ جہاں ایک شخص کی ذاتی زندگی کو تباہ کرتا ہے وہاں اس شخص کا پورا خاندان مالی مسائل سے بھی دوچار ہو جاتا ہے۔ یہ شخص نشے کے اخراجات پورے کرنے کے لیے غیر قانونی کاروبار کرنے پر اتر آتا ہے۔ یہاں تک کہ بعض اوقات گداگری جیسا ناپسندیدہ دھندا کرنے پر بھی مجبور ہو جاتا ہے۔ نشہ جہاں ایک شخص اور اس کے خاندان کو متاثر کرتا ہے، وہاں معاشرے میں بہت سی دیگر معاشرتی، سماجی برائیوں اور الجھنوں کو بھی جنم دیتا ہے۔ اس لیے ایک فرد یا خاندان کی انفرادی کوشش کے ساتھ اس لعنت سے پوری قوم اور ملک بلکہ پوری انسانیت کو نجات دلانے کے لیے ملکی، قومی اور بین الاقوامی سطح پر بھی بھرپور اور مربوط کوششوں کی ضرورت ہے۔

ب۔ "انقلاباتِ حکومت جو کثرت سے ممالک اسلامی میں ہوا کیے، ان مقاصد کے لیے اکثر مفید ثابت ہوئے۔ ایک خاندان کلیتاً برباد ہو جاتا تھا مگر اس کے علمی آثار اکثر محفوظ رہتے تھے۔ جو مواضع اور علاقے مدرسوں پر پہلے وقف ہو چکے تھے دوسری نئی حکومت ان کو غصب نہیں کر سکتی تھی۔ ہلاکو خاں نے نہ صرف بغداد کو غارت کیا بلکہ تمام ممالک اسلامی کو برسوں تک بے چراغ کر دیا۔ تاہم اوقاف میں کچھ تصرف نہ کر سکا۔ اس نے بغداد وغیرہ کے تمام اوقاف محقق طوسی کے ہاتھ میں دیے جس کا بہت بڑا حصہ محقق موصوف نے رصد خانے کی تعمیر میں صرف کیا۔

**سوال نمبر ۵:** **کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر اس طرح تشریح کیجیے کہ اشعار کی فنی خوبیاں نمایاں ہو جائیں۔ نیز نظم کا عنوان بھی لکھیے:** **(1+1+5=7)**

الف۔
نہ اس میں گھاس اگتی ہے نہ اس میں پھول کھلتے ہیں
مگر اس سر زمیں سے آسماں بھی جھک کے ملتے ہیں
کڑکتی بجلیوں کی اس جگہ چھاتی دہلتی ہے
گھٹا بچ کر نکلتی ہے ہوا تھرا کے چلتی ہے
یہ نا ہموار چٹیل سلسلے کالی چٹانوں کے
امانت دار لافانی پرانی داستانوں کے

ب۔
آیا ہمارے دیس میں اک خوش نوا فقیر
آیا اور اپنی دھن میں غزل خواں گزر گیا
سنسان راہیں خلق سے آباد ہو گئیں
ویران مے کدوں کا نصیبہ سنور گیا
تھیں چند ہی نگاہیں جو اس تک پہنچ سکیں
پر اس کا گیت سب کے دلوں میں اتر گیا

**سوال نمبر ۶:** مجید امجد کی نظم "طلوعِ فرض" کا فکری جائزہ لیں۔ **(09)**

(یا)

اکبر الٰہ آبادی کی رباعیات کا تنقیدی جائزہ لیں۔

## حصہ سوئم (کُل نمبر 30)

**سوال نمبر ۷:** **درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصّل مضمون لکھیں:** **(10)**

الف۔ اقبال کی شاعری میں مردِ مومن کا تصور

ب۔ اردو شاعری میں نظم نگاری کی روایت

ج۔ اردو ادب میں مضمون نگاری کی روایت

د۔ میرا پسندیدہ افسانہ نگار

**سوال نمبر ۸:** **درج ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیں:** **(10)**

الف۔ ناول

ب۔ طنز و مزاح

**سوال نمبر ۹:** **درج ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیں:** **(10)**

الف۔ نعت

ب۔ قطعہ



Result.pk